# وفاق المدارس العربیہ پاکستان
# کے تحت آن لائن داخلہ کی وصولی

(1) الحمدللہ 1444ھ سے وفاق المدارس کے تحت آن لائن داخلہ وصولی کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔

(2) 1447ھ میں تمام درجات بشمول درجہ حفظ کا داخلہ آن لائن ہوگا۔کسی بھی درجے کا داخلہ سابقہ مروجہ داخلہ فارم پر قبول نہ ہوگا۔

(3) طالب علم ازخود آن لائن داخلہ نہیں کر سکتا، مدرسہ کی طرف سے داخلے کیے جائیں گے۔مقررہ شرح فیس اور تاریخ داخلہ (سنگل فیس، دوگنا فیس، تین گنا فیس اور چار گنا فیس) کے عتبار سے تمام داخلے یکبارگی جمع کیے جائیں۔علیحدہ علیحدہ داخلہ فیس بھیجنے سے گریز کریں۔

## آن لائن داخلے کے درج ذیل مراحل ہیں:

### مدارس لاگ ان:

ویب سائٹ کے صفحہ اول پر موجود ''مدارس لاگ ان'' کا بٹن موجود ہے۔اس میں ''آن لائن داخلہ'' پر کلک کرنے سے ''مدارس لاگ ان'' کھل جائے گا۔

### خفیہ کوڈ:

ہر مدرسہ/جامعہ کے الحاق نمبر (آخری پانچ ہندسوں پر مشتمل) کو Usrename اور خفیہ کوڈ (Password) قرار دیا گیا ہے۔

داخلہ کے لیے ''لاگ ان فارم'' میں مدرسہ کا الحاق نمبر درج کریں۔اگر اب تک خفیہ کوڈ تبدیل نہیں کیا تو ''تبدیلی خفیہ کوڈ'' بٹن کے ذریعے اپنا خفیہ کوڈ (Password) تبدیل کرلیں تاکہ کوئی غیر متعلقہ شخص استعمال نہ کرسکے۔

''مدارس لاگ ان'' میں خفیہ کوڈ کے اندراج کے بعد ''آن لائن داخلہ درجہ کتب'' پر کلک کریں۔

### داخلہ بذریعہ رقم التسجیل:

جن طلبہ/طالبات کو وفاق کی طرف سے رقم التسجیل (رجسٹریشن) جاری ہو چکا ہے ان کا داخلہ ''بذریعہ رقم التسجیل'' ہوگا۔اس فارم میں متعلقہ شعبہ ''بنین'' یا ''بنات'' منتخب کریں۔متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم/طالبہ کا رقم التسجیل (رجسٹریشن نمبر) درج کریں۔

### کوائف طالب علم:

رقم التسجیل کے اندراج کے بعد ''کوائف طالب علم'' کے بٹن پر کلک کریں۔جس سے مطلوبہ طالب علم/طالبہ کا وفاق کے ریکارڈ میں موجود تفصیلی ڈیٹا سامنے آجائے گا۔

### داخلہ بغیر رقم التسجیل:

جن طلبہ/طالبات کی پہلے سے رقم التسجیل (رجسٹریشن) جاری نہیں ہے/پہلی مرتبہ رجسٹریشن ہوگی (متوسطہ، خاصہ اول بنات، دراسات اول، تجوید للحفاظ، تجوید للحافظات، رجسٹریشن درجہ اولیٰ اور درجہ حفظ) ان کے داخلہ کے لیے ''داخلہ بغیر رقم التسجیل'' کے بٹن پر کلک کریں۔متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم/طالبہ کے کوائف شناختی کارڈ/ب فارم کے مطابق درج کریں۔

اگر ان درجات میں بھی کسی طالب علم نے پہلے امتحان دیا ہے اور رقم التسجیل جاری ہو چکا ہے تو اس کا داخلہ پرانے رقم التسجیل سے ''داخلہ بذریعہ رقم التسجیل'' کے تحت ہوگا۔

### تصویر اپ لوڈ کریں:

عالیہ سال اول بنین، متوسطہ، دراسات اول، تجوید للحفاظ، درجہ اولیٰ اور درجہ حفظ کے طلبہ کی (نیلے بیک گراؤنڈ والی) تصاویر اپ لوڈ کریں۔نیز ان کی فہرست پر ہر طالب علم کے کوائف کے سامنے تصویر کے خانے میں اس کی تازہ واضح تصویر (پاسپورٹ سائز) چسپاں کریں (طالبات کی تصویر ممنوع ہے)۔

**داخلہ محفوظ کریں:**

اندراج مکمل کرنے کے بعد ''داخلہ محفوظ کریں'' کے بٹن پر کلک کریں۔ ہر طالب علم کے داخلہ کے لیے یہی عمل دوہرانا ہوگا۔
داخلہ محفوظ کرنے سے پہلے طالب علم کے تفصیلی کوائف کو بغور دیکھ کر اطمینان حاصل کرنا ضروری ہے۔

**شناختی کارڈ/ب فارم:**

ابتدائی درجات (متوسطہ، خاصہ اول بنات، درجہ اولی، دراسات اول، تجوید اور درجہ حفظ) کے آن لائن داخلہ میں شناختی کارڈ یا ب فارم نمبر درج کرنا لازم ہے۔

متوسطہ، خاصہ اول بنات اور درجہ حفظ کی فہرست کے ساتھ فارم ب یا شناختی کارڈ کی کاپی اور درجہ اولی کی فہرست کے ساتھ فارم ب یا شناختی کارڈ اور مڈل سرٹیفکیٹ لف کریں۔ تجوید للحفاظ و تجوید للحافظات کی فہرست کے ساتھ درجہ حفظ کی سند (وفاق) کی کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

**چالان فارم برائے وصولی فیس کی دفتر وفاق کو ترسیل:**

چالان فارم برائے وصولی فیس پر دستخط مہتمم اور مہر مدرسہ ثبت کرنا لازم ہے اور مصدقہ چالان فارم کے ساتھ فیس کا ثبوت لف کر کے دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے (کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)۔

''چالان فارم برائے وصولی فیس'' کا پرنٹ نکال کر، آن لائن داخلہ کے علاوہ دیگر درجات کی رقم بھی اس میں درج کریں اور مجموعی رقم بینک میں جمع کروائیں۔ فیس کا ثبوت آن لائن اٹیچ کریں۔ چالان فارم اور اصل بینک سلپ دفتر وفاق کو بھیجیں، بینک سلپ پر مدرسہ کا الحاق نمبر لکھنا ضروری ہے۔

**داخلہ کی درجہ وار قلمی فہرست یا آن لائن فہرست:**

تمام درجات کے داخلہ کی قلمی فہرست (قلم سے لکھی گئی) اور آن لائن داخلہ کی درجہ وار فہرست دفتر وفاق کو ضرور بھجوائیں۔ فہرست کے مطابق تمام آن لائن داخلوں کے کوائف چیک کر لیں اور فہرست پر تحریر کریں کہ تمام داخلے درست ہیں۔ اس پر دستخط اور مہر ثبت کر کے چالان فارم اور اصل بینک سلپ کے ساتھ دفتر کو بھجوائیں۔ واضح رہے کہ مدرسہ کی طرف سے مقررہ تاریخوں میں بھیجی گئی فہرست اور فیس کے مطابق طلبہ و طالبات کے رول نمبر جاری کیے جائیں گے۔ صرف فیس کا اعتبار نہیں ہوگا۔ بعد میں یہ عذر قابل قبول نہیں ہوگا کہ فیس تو جمع کروادی تھی لیکن آن لائن داخلہ رہ گیا۔

**فیس کی رقم بذریعہ موبائل ٹرانسفر کرنے کی صورت میں:**

اگر فیس کی رقم بذریعہ موبائل ایپ ٹرانسفر کرنی ہو تو اس امر کو ملحوظ رکھنا چاہیے کہ جس بینک اکاؤنٹ کی موبائل ایپ یا موبائل اکاؤنٹ کی اپلیکیشن سے رقم ٹرانسفر کریں اس کی رسید پر تاریخ، ٹرانزیکشن نمبر، وصول کنندہ بینک کا نام، اس کا اکاؤنٹ نمبر اور مدرسہ کا الحاق نمبر لکھیں۔

**متوسطہ، خاصہ اول بنات، دراسات اول، تجوید حفاظ، درجہ اولیٰ اور درجہ حفظ کی آن لائن رجسٹریشن کے کوائف میں تبدیلی:**

چونکہ یہ ابتدائی درجات ہے اور تمام درجات کے کوائف کی بنیاد انہی پر ہوتی ہے۔ اس لیے ان کی آن لائن رجسٹریشن کے کوائف میں تبدیلی کی محدود سہولت دی گئی ہے۔ درجہ اولیٰ کے داخلہ کی جو تاریخیں متعین ہیں، ہر مدت کے اختتام تک اسی مدت کے داخلوں کے کوائف میں مدارس خود تصحیح کرسکیں گے۔ ہر مدت کے اختتام پر اس کا ڈیٹا محفوظ کر لیا جائے گا پھر اس میں تبدیلی نہیں ہوسکے گی۔ درجہ اولیٰ کے داخلہ کی مدت یہ ہے۔ سنگل فیس یکم محرم الحرام تا اختتام صفر المظفر، دوگنا فیس یکم ربیع الاول تا اختتام ربیع الثانی اور تین گنا فیس یکم جمادی الاولی تا اختتام ذوالحجہ۔ اسی طرح دیگر تمام درجات کی تاریخوں کے لحاظ سے متوسطہ، درجہ خاصہ اول بنات، دراسات اول، تجوید حفاظ اور درجہ حفظ کے کوائف میں تصحیح کی جاسکے گی۔

**نوٹ:(1)** رفع درجات کا امتحان دینے کی صورت میں سابقہ سند اور کشف الدرجات دفتر وفاق کو جمع کروائیں، بصورت دیگر رفع درجات کا نتیجہ روک دیا جائے گا۔

**(2)** وفاق کا مالیاتی سال یکم محرم سے اختتام ذوالحجہ تک ہے۔ ہر سال مدارس کی سالانہ فیس اور ماہنامہ وفاق کی فیس ادا کرنا لازم ہے۔